سوال

(335) بارش اور چشموں سے پرورش پانے والی فصل کا عشر

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

عشر ۱۹ من دانے ہونے کے بعد ایک من ہے یا دانے کم ہونے کی صورت میں بھی ان کا بیسواں حصہ دینا پڑے گا۔ مثلاً دانے بیس کلو ہوں تو اس میں سے بھی ایک کلو دینا ہوں گے؟ وضاحت فرمائیں کھاد اور دوائی وغیرہ کا خرچہ منہا کر کے عشر نکالنا چاہیے یا نہیں؟ (سائل) (۷اپریل ۲۰۰۰)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

صحیح حدیث میں ہے جو جنس بارش یا چشموں وغیرہ سے پرورش پائے یا زمین سے اپنی جڑوں کے ساتھ پانی کھینچ لے اس میں عشر ہے۔ اور چاہی وغیرہ میں نصف عشر ہے چاہے زمین کا بیس من پختہ انگریزی وزن نصاب ہے۔ اگر اس سے کم ہو تو زکوٰۃ واجب نہیں۔ البتہ نفلی صدقہ وخیرات کر دینی چاہیے۔ اس میں خیر و برکت ہے اور بارانی زمین کا نصاب اس سے آدھا ہے۔ (۱۰ من) اس سے کم میں عشر واجب نہیں۔ تاہم نفلی صدقہ خیرات کرنا چاہیے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 297

محدث فتویٰ